فراڈ کا تدارک:

دھوکہ، فراڈ، کمپیوٹر کے ذریعے جعل سازی اور ذاتی شناخت کی چوری کے منصوبوں سے بچاؤ کی تجاویز

EDMONTON
POLICE
SERVICE
ایڈمنٹن پولیس سروس

اگر آپ کسی دھوکہ دہی کے نتیجے میں رقم گنوا بیٹھے ھیں تو رابطہ کریں:

1 - ای پی ایس سے پولیس رپورٹ درج کروانے کیلئے

2- مندرجہ ذیل کینیڈین کریڈٹ پر نظر رکھنے والے اداروں سے، تا کہ ان کو مطلع کیا جا سکے کہ آپ کی ذاتی معلومات غیر محفوظ ہو چکی ہیں۔

- ایقوی فیکس 1-800-465-7166
- ٹرانس یونین 1-800-663-9980

اگر آپ نے رقم نہیں گنوائی، لیکن آپ کو شک ھے کہ آپ کو نشانہ بنایا گیا ھے تو کینیڈین اینٹی فراڈ سینٹر سے اس نمبر یا ویب سا یٹ پر رابطہ کریں:

www.antifraudcentre-centreantifraude.ca یا 1-888-495-8501

اس بات کی تصدیق کیلئے کہ آپ سے معلومات حاصل کرنے کی درخواست ایڈمنٹن پولیس سروس کی طرف سے کی جا رہی ہے، اس نمبر پر فون کریں: 780-423-4567

EDMONTON
POLICE
SERVICE
ایڈمنٹن پولیس سروس

780-423-4567



یہ بات اہم ہے کہ آپ کو علم ہو کہ حکومتی ادارے جیسا کہ امیگریشن، ریفیوجیزاور سٹیزن شپ کینیڈا، کینیڈا ریونیو ایجنسی (سی آر اے)، ایڈمنٹن پولیس سروس، رائل کینیڈین مائونٹڈ پولیس (آر سی ایم پی) اور دوسری پولیس ایجنسیاں:

عدم ادائیگی کی صورت میں ملک بد ری اور خاندان کے افراد کی گرفتاری کی دھمکی نہیں دیتے۔ -

ٹیکسوں اور جرمانوں کی فوری طور پر فون، ای میل یا سوشل میڈیا کے ذریعے ادائیگی کا مطالبہ نہیں کرتے۔ -

بٹ کوائن، گفٹ کارڈ، ای میل یا منی ٹرانسفر کو ادائیگی کا قابل قبول طریقہ نہیں مانتے۔ -

فون، ای میل، ٹیکسٹ یا سوشل میڈیا کے ذریعے اپنی کوئی ذاتی یا بنکنگ کے بارے میں معلومات نہ فراہم کریں۔ یہ معلومات دھوکہ بازوں کو دینے کے نتیجے میں رقم کا نقصان ہو سکتا ہے اور/ یا شناخت چوری ہو سکتی ہے ۔

اس بات کا امکان ہے کہ آپ یا آپ کے خاندان سے دھوکہ بازوں نے اپنے آپ کو پولیس افسر یا دوسرے سرکاری اہلکار ظاہر کرتے ہوئے رابطہ کیا ہواور آپ سے رقم حاصل کرنے کی کوشش کی ہو۔ یہ لوگ مختلف طریقوں سے جیسے کہ فون، ای میل، ٹیکسٹ یا سوشل میڈیا کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ایسے لوگ آپکی زبان بولتے ہوں، اور ان کی کالیں بظاہرپولیس اور حکومت کے اصلی فون نمبروں سے کی گئی لگتی ہوں۔